فوالذی نفسی بیدہ ما یخرج منہ الاحقا۔	جس کے ہاتھ میں میری جان ہے نہ اس سے نکلیگا کلام حق (اخرجہ ابو داؤد و تیسیر ص ۹۲)
عن ابی ہریرة رضی اللہ عنہ قال شکی رجل من الانصار الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی لاسمع منک الحدیث فیعجبنی ولا احفظہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استعن بیمینک واوما بیدہ الی الخط	ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک انصاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں شکایت کی اور کہا یا رسول اللہ میں آپ سے حدیث سنتا ہوں اور وہ مجھے پسند آتی ہے مگر مجھے یاد نہیں رہتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے ہاتھ سے مدد لے اور اپنے ہاتھ سے خط کی طرف اشارہ فرمایا۔ (اخرجہ الترمذی تیسیر ص ۹۳)
وعن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ ماکان فی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر حدیثاً منی الا ما کان من ابن عمرو فانہ کان یکتب ولا اکتب	ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کوئی شخص مجھ سے زیادہ حدیث یاد رکھنے والا نہ تھا بجز عبداللہ بن عمرو بن العاص کے کہ وہ لکھتے تھے اور میں لکھتا نہ تھا۔ (اخرجہ البخاری والترمذی و تیسیر ص ۹۳)

مفت

ہمایوں کا بینظیر افسانہ نمبر

ہندوستان میں آج تک افسانوں کی کسی بہتر سے بہتر کتاب میں بھی ایسے مسحور کن دلآویز اور فن کے لحاظ سے بلند معیار افسانے شائع نہیں ہوئے یہ رسالہ نہیں مستقل حیثیت کی ایک بدیع المثال ادبی تالیف ہے ضخامت کتابت طباعت اور کاغذ نفیس رنگین تصویریں خوبصورت سرورق پانچ روپیہ ہر سہ محصول ڈاک سالانہ چندہ دیکر آپ سال بھر کے پرچوں کے ساتھ افسانہ نمبر اور جنوری کا ۳۵۰ صفحہ کا ضخیم سالگرہ نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

ملنے کا پتہ مینیجر ہمایوں ۲۳۔ لارنس روڈ لاہور